NSW GOVERNMENT

What do I need to know if my child is suspended?

Parent/carer information

اگر میرے بچے کو معطّل کر دیا جائے تو مجھے کیا علم ہونا ضروری ہے؟

والدین/نگرانوں کے لیے معلومات

معطّلی (سسپنشن) سے کیا مراد ہے؟

معطّلی سے مراد یہ ہے کہ سکول کسی طالبعلم کو ایک مدت تک سکول آنے سے منع کر دے۔ کنڈرگارٹن سے ایئر 2 تک کے طالبعلموں کو 5 تعلیمی دنوں تک کے لیے معطّل کیا جا سکتا ہے اور ایئر 3 تا ایئر 12 کے طالبعلموں کو 10 تعلیمی دنوں تک کے لیے معطّل کیا جا سکتا ہے۔

پرنسپل تب طالبعلم کو معطّل کر سکتا ہے جب طالبعلم کے تشویشناک طرز عمل کی وجہ سے دوسرے لوگوں یا تدریس اور تعلیم کے لیے ناقابل قبول خطرہ پیش ہو۔

پرنسپل تب معطّلی کا فیصلہ کر سکتا ہے جب وہ پہلے ہی دوسرے طریقوں سے طالبعلم کے تشویشناک طرز عمل کو سنبھالنے کی کوشش کر چکا ہو اور سکول کو طرز عمل کے لیے مدد کی منصوبہ بندی اور سب لوگوں کو محفوظ رکھنے کی خاطر منصوبہ بندی کرنے کے لیے وقت کی ضرورت ہو اور طالبعلم اس دوران سکول میں موجود نہیں رہ سکتا۔ معطّلی کا فیصلہ کرتے ہوئے پرنسپل کو طالبعلم کے طرز عمل اور ضروریات پر غور کرنا ہو گا۔ اگر طرز عمل سنگین ہو یا حفاظت کے حوالے سے مسئلہ پیدا کرتا ہو تو آپ کے بچے کو فوری طور پر معطّل کیا جا سکتا ہے۔

اگر میرے بچے کو معطّل کر دیا جائے تو کیا ہو گا؟

جہاں مناسب ہو، پرنسپل زبانی طور پر طالبعلم کو اس بارے میں بتائے گا۔ جہاں ممکن ہو، پرنسپل فوراً یا 24 گھنٹوں کے اندر، پرنسپل والدین یا نگرانوں کو زبانی اطلاع دے گا۔ آپ اور آپ کے بچے کو سکول کے ساتھ میٹنگ کر کے معطّلی پر جوابی اظہار کا موقع ضرور ملنا چاہیے۔ سکول آپ کے ساتھ ان تدابیر اور مدد کے سلسلے میں کام کرے گا جو آپ کے بچے کی مدد کے لیے مہیا کی جا سکتی ہے۔

پرنسپل آپ کو معطّلی کا تحریری نوٹس بھی دے گا جس میں آپ کے بچے کی معطّلی کی وجوہ، معطّلی کی تفصیلات اور مدت لکھی ہو گی۔

معطّلی کے دوران آپ کے بچے کو سکول میں موجود رہنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ سکول معطّلی کے دوران تعلیم جاری رکھنے کے لیے آپ کے بچے کو مدد فراہم کرے گا اور آپ اور آپ کے بچے کی خبرگیری کرے گا۔یہ معلومات دستیاب ہیں کہ معطّلی کے دوران آپ اپنے بچے کی فلاح میں کیسے مدد دے سکتے ہیں۔

معطّلی کی مدت میں توسیع

اگر معطّلی کی مدّت مدد کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے کافی نہ ہو یا اگر حفاظت کے حوالے سے ایسا مسلسل خطرہ ہو جسے ابھی سنبھالا نہیں گیا ہے تو پرنسپل معطّلی میں توسیع کر سکتا ہے۔ اگر توسیع منظور ہو جائے تو والدین/کیئررز کو معطّلی کی مدت ختم ہونے سے پہلے آگاہ کیا جائے گا۔

کیا میں معطّلی پر اپیل کر سکتا/سکتی ہوں؟

ہاں، اگر آپ کے خیال میں پرنسپل نے غیر منصفانہ فیصلہ کیا ہو یا پالیسی اور طریق کار پر درست عمل نہ کیا ہو تو آپ اپیل کر سکتے ہیں۔ 'اپیلز' وسیلہ دیکھیں۔

اپنے بچے کے لیے آواز اٹھانے اور سکول کمیونٹی چارٹر کے متعلق مزید معلومات دستیاب ہیں جو سکول کے ساتھ کمیونیکیشن کے طریقے واضح کرتا ہے۔

ریزولیوشن (معطّلی کے حل کے لیے) میٹنگ سے کیا مراد ہے؟

آپ کا بچہ معطّلی کے اختتام کی تاریخ پر یا اس سے پہلے سکول واپس آئے گا۔ آپ کا سکول کے ساتھ اچھے طریقے کام کرنا اس مقصد کے لیے بہت اہم ہے کہ آپ کے بچے کے طرز عمل کو سنبھالا جائے اور مل کر حل تشکیل دیے جائیں۔ آپ کے بچے کی واپسی سے پہلے سکول آپ سے فون پر رابطہ کر کے اس عملے کے ساتھ آپ کی ریزولیوشن میٹنگ طے کرے گا جو آپ کے بچے کے ساتھ قریبی طور پر کام کرتا ہے۔

یہ میٹنگ ذاتی ملاقات کی صورت میں، فون پر یا آن لائن اس انداز میں ہو سکتی ہے جس سے مثبت بات چیت کا بہترین موقع ملے۔ میٹنگ میں یہ بات چیت کی جائے گی کہ آپ اپنے بچے کی سکول میں واپسی میں مدد دینے کے لیے کس طرح مل کر کام کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے سہارے کے لیے کسی مددگار کو میٹنگ میں ساتھ لا سکتے ہیں۔ وہ شخص آپ یا آپ کے بچے کو عملی یا جذباتی سہارا دے سکتا ہے۔

جس تشویشناک طرز عمل کے لیے زیادہ تدابیر اور مدد کی ضرورت ہو، اس کے سلسلے میں سکول آپ اور آپ کے بچے کے ساتھ کام کرتے ہوئے بچے کی مدد اور خطرات کم کرنے کے لیے ایک پلان تشکیل دے گا۔ شاید آپ کے بچے کے لیے پہلے ہی پلان موجود ہو۔ اگر پہلے سے پلان موجود ہے تو آپ کے بچے کی مدد کے لیے اس میں ردّوبدل کیا جا سکتا ہے۔ یہ پلان آپ کو اور سکول میں اس دوسرے عملے کو دیا جائے گا جو آپ کے بچے کی مدد کر رہا ہو۔

اگر ایسا طرز عمل دوبارہ واقع ہوا تو؟

اگر تشویشناک طرز عمل دوبارہ واقع ہوا تو پرنسپل اور سکول میں تعلیم کے لیے مدد دینے والی ٹیم آپ کے بچے کی تعلیم میں مدد کے دوسرے طریقے تلاش کرے گی۔ اس میں ڈیپارٹمنٹ کے ماہرین سے مدد دلانے کے متعلق پوچھنا شامل ہو سکتا ہے۔

مجھے سکول سے کونسی معلومات مل سکتی ہیں؟

آپ سکول سے اس بارے میں مزید معلومات مانگ سکتے ہیں کہ کیا ہوا ہے اور کیوں ہوا ہے۔ سکول کو چاہیے کہ آپ کو اپنے فیصلوں کی وجہ بتائے اور یہ بتائے کہ کونسے ایکشن لیے جائیں گے اور اگر آپ کو کوئی مسئلہ ہو تو آپ کیا کر سکتے ہیں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ سکول سے رابطہ کرنا چاہتے ہوں اور آپ کو انگلش زبان کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں، انہیں اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور آپریٹر سے سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔